نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

2 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

478/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے سندھ میں سیلاب زدہ علاقوں کیلئے مزید امداد کی فراہمی

اسلام آباد (02 ستمبر 2010ء) ___ امریکہ صوبہ سندھ کے اضلاع گھوٹکی، خیرپور اور ٹھٹھہ کے سیلاب سے متاثرہ رہائشیوں کی ہنگامی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ایک مقامی اشتراک کار کو تقریباً دو ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔

یہ رقم ان سیلاب زدہ اضلاع کے تقریباً 49,000 گھرانوں میں سر چھپانے کے ٹھکانوں کی ہنگامی کٹس، گھریلو استعمال کی اشیاء اور خاندان کیلئے حفظان صحت کی ہنگامی کٹس تقسیم کرنے پر خرچ ہوگی۔ یہ رقم پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے بھی استعمال کی جائے گی۔

سر چھپانے کے ٹھکانوں کی ہنگامی کٹس پلاسٹک کی شیٹس، فرشی چٹائیوں اور رسوں پر مشتمل ہیں۔ گھریلو استعمال کی اشیاء میں کھانا پکانے کے سیٹ، بیٹری سے جلنے والے لیمپ اور تالے شامل ہیں۔ حفظان صحت کی ہنگامی کٹس میں ایسی اشیاء موجود ہوں گی جو سات افراد پر مشتمل گھرانے کی دو سے تین ہفتے کی حفظان صحت سے متعلق ضروریات کیلئے کافی ہوں گی۔ آخر میں اضافی فنڈز 49,000 گھرانوں کو صاف پانی فراہم کرنے کیلئے ٹینکروں کی تنصیب پر خرچ ہوں گے۔

امریکہ اب تک پاکستان کے عوام کو انسانی بنیادوں پر ہنگامی اعانت کی مد میں 200 ملین ڈالر سے زیادہ کی امداد فراہم کر چکا ہے۔ سیلاب زدگان کی مدد کیلئے حکومت پاکستان کی معاونت کے ضمن میں امریکہ کی ترجیحات میں دشوار گزار علاقوں تک رسائی اور وہاں امداد کی فراہمی، اس امر کو یقینی بنانا کہ سیلاب سے پیدا ہونے والی موجودہ ہنگامی صورتحال صحت کے کسی بحران سے مزید گمبھیر نہ ہو جائے اور مناسب امریکی وسائل کو مؤثر اور باکفایت طریقے سے استعمال کرنا شامل ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800